WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ط وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا(١۴٨)اِنْ
تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا(١۴٩)اِنَّ الَّذِيْنَ
يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ
بِبَعْضٍ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا(١٥٠)اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا وَاَعْتَدْنَا
لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا(١٥١)وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ
اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ط وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا(١٥٢)يَسْئَلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ
اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً
فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْ م بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ
ذٰلِكَ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا(١٥٣)وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا
الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِى السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا(١٥۴)فَبِمَا
نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ط بَلْ
طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا(١٥٥)وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا
عَظِيْمًا(١٥٦)وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ
وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ط وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِىْ شَكٍّ مِّنْهُ ط مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ
الظَّنِّ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا(١٥٧)



## چھٹا پارہ : لایحب اللہ

اللہ پسند نہیں کرتا کہ متاثرہ شخص کے سوا کوئی اور کسی کے بارے میں بُری بات منظر عام پر لائے ۔ اللہ سنتا اور جانتا ہے۔(148)تم اعلانیہ نیکی کر سکتے ہو یا چھپ چھپا کر نیکی کر سکتے ہو یا کسی کی اپنے ساتھ کی ہوئی برائی معاف کر سکتے ہو۔ بے شک اللہ معاف کرنے پر قادر ہے۔(149) جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں کو نہیں مانتے وہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان فرق کرنا چاہتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں ہم کچھ رسولوں کو مانتے ہیں اور کچھ کو نہیں مانتے اور وہ اِن کے درمیان رخنہ ڈالنا چاہتے ہیں۔(150) حقیقت میں وہی کافر ہیں اور ہم نے کافروں کے لئے ذلت آمیز عذاب تیار کر رکھا ہے۔(151) جو لوگ اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے اور اُن میں سے کسی میں بھی فرق نہیں کیا تو اللہ اُن کو اُن کا جلد ثواب دے گا اور اللہ غفور ورحیم ہے۔(152)اہل کتاب کہتے ہیں کہ آپ اُن پر آسمانوں پر سے کتاب لا دیں۔ موسیٰ سے بھی اس سے بڑا سوال کیا جا چکا ہے۔ کہتے تھے، ہمیں اللہ ظاہراً دکھا دے۔ پھر انہیں اُن کے ظلم کی وجہ سے بجلی نے پکڑ لیا۔ پھر انہوں نے واضح روشنیاں آ جانے کے بعد بچھڑا معبود بنا لیا۔ پھر ہم نے انہیں اُس گناہ سے معاف کیا اور موسیٰ کی واضح مدد کی۔(153) اور ہم نے اُن کے میثاق کی وجہ سے اُن پر طور بلند کیا اور انہیں کہا' سجدہ شکر کرتے ہوئے دروازے میں سے داخل ہو جاؤ۔ اور ہم نے انہیں کہا ، ناغے کے دن میں زیادتی نہ کرنا اور اُن سے بھاری عہد لیا۔(154) پھر اُن کی عہد شکنی اور اللہ کی آیات سے منکر ہونے اور نبیوں کو ناحق قتل کرنے اور اُن کا کہنا، کہ ہمارے دلوں پر غلاف چڑھا ہوا ہے۔ دراصل کفر کی وجہ سے اُن پر اللہ کی مہر ہے۔ لیکن صرف تھوڑے ایمان لاتے ہیں۔(155) اور اُن کے کفر پر اور مریم کے بارے میں بڑا بہتان کہنے پر۔(156) اور اُن کا کہنا ، ہم نے مسیح عیسیٰ ابنِ مریم ، رسول اللہ کو ختم کر دیا۔ انہیں لگا کہ انہوں نے اسے مار دیا، صلیب دے دی، لیکن یہ ان کا گمان تھا۔ گمان پر یقین کرنے والے لاعلم ہیں اور یقیناً اُس کو قتل نہیں کیا۔ (جسم مرنے سے انسان نہیں مرتا)(157)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا(١٥٨)وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ
مَوْتِهٖ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا(١٥٩)فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ
اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا(١٦٠)وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ
النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ط وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا(١٦١)لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِى الْعِلْمِ مِنْهُمْ
وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ
وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا(١٦٢)اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ
اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْ م بَعْدِهٖ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ
وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا (١٦٣)وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ
عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ط وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا(١٦٤)رُسُلًا
مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ م بَعْدَ الرُّسُلِ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا
حَكِيْمًا(١٦٥)لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ
شَهِيْدًا(١٦٦)اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًام بَعِيْدًا(١٦٧)اِنَّ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا(١٦٨)اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ
اَبَدًا ط وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا(١٦٩)يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ
فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ط وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا
حَكِيْمًا(١٧٠)يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِىْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ط اِنَّمَا الْمَسِيْحُ
عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ اَلْقٰهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَا تَقُوْلُوْا
ثَلٰثَةٌ ط اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ط اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ط سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ م لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِى الْاَرْضِ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا(١٧١)



اللہ نے اُسے اپنی طرف بلند کرلیا اور اللہ زبردست حکمت والا ہے۔(شہید زندہ رہتا ہے وہ کبھی نہیں مرتا مگر ہمیں شعور نہیں)
(158) اور اہل کتاب میں ایک بھی ایسا نہ ہوگا جو اپنی موت سے قبل اُس پر ایمان نہ لائے اور قیامت کے دن وہ اُن پر گواہ
ہوگا۔(159) اور یہودیوں پر ہم نے جو پاک چیزیں حلال کی تھیں اُن کے ظلم کے باعث اُن پر حرام کردیں۔ اور اس
واسطے کہ وہ بہت لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکتے تھے۔(160) اور اس لیے کہ وہ سود کھاتے تھے اور ہم نے کافروں
کے لیے المناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔(161) لیکن اُن میں راسخ علم یہودی، جو ایمان لاتے ہیں اُس پر جو تم پر اتارا گیا
اور جو تم سے قبل اتارا گیا اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لاتے ہیں تو یہی
لوگ ہیں جن کو ہم جلد اجرِ عظیم دیں گے۔(162)۔ بے شک ہم نے آپؐ پر وحی کی جس طرح ہم نے نوحؑ اور اُن کے بعد
آنے والے نبیوں پر وحی کی تھی۔ اور ہم نے ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ اور اُن کی اولاد پر اور عیسیٰؑ اور ایوبؑ
اور ھارونؑ اور سلیمانؑ پر وحی کی تھی۔ اور داؤدؑ کو زبور عطا کی۔(163) اور بہت سے رسولوں کے قصے ہم نے آپ کو بتائے
اور بہت سے رسولوں کے قصے ہم نے نہیں بتائے۔ اور اللہ نے موسیٰؑ سے صاف صاف کلام کیا۔(164) رسول خوشی کی
اُمید دلاتے اور برائی سے ڈراتے تھے تاکہ لوگوں کے پاس اللہ کے خلاف کوئی عُذر نہ رہے۔ اور اللہ زبردست حکمت والا
ہے۔(165) لیکن اللہ نے آپؐ پر اپنے علم سے جو اتارا ہے، اس پر اللہ اور اللہ کے فرشتے گواہ ہیں۔(166) جن لوگوں
نے انکار کیا اور لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکا وہ یقیناً دور کی گمراہی میں گر پڑے۔(167) بے شک جن لوگوں نے انکار
کیا اور ظلم کیا اللہ اُنہیں بخشے گا نہ راہ دکھائے گا،(168) سوائے جہنم' جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ اللہ کے لیے آسان
ہے۔(169) اے لوگو! جب تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس حق کے ساتھ رسول آ گیا تو اُس پر ایمان لانا
تمہارے لیے بہتر ہے۔ اور اگر تم کفر کرو گے تو آسمانوں اور زمین کی ہر شے اللہ ہی کے لئے ہے اور اللہ جاننے والا اور دانا
ہے۔(170) اے اہل کتاب! اپنے دین میں حد سے نہ بڑھو اور اللہ پر حق کے سوا کچھ نہ کہو یقیناً مسیح عیسیٰ ابنِ مریم اللہ کے
رسول' اللہ کا حکم اور اللہ کی روح ہیں۔ جسے مریم پر ڈالا گیا۔ تمہیں چاہیے کہ اللہ اور اُس کے رسولوں کو مانو اور تثلیث (اللہ
،مریمؑ، عیسیٰؑ) کی بات نہ کرو۔ اس سے باز رہنا تمہارے لیے بہتر ہے۔ بے شک اللہ واحد معبود ہے۔ وہ پاک ہے اس بات
سے کہ اُس کا کوئی بیٹا ہو۔ آسمانوں اور زمین کے درمیان ہر شے اُسی کی ہی ہے اور اللہ وکیل کافی ہے۔(171)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ط وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ
عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا(١٧٢)فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا
اَلِيْمًا وَّ لَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّ لَا نَصِيْرًا(١٧٣)يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ
بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا(١٧٤)فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ
فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا(١٧٥)يَسْتَفْتُوْنَكَ ط
قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ط اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَاتَرَكَ
وَهُوَ يَرِثُهَآ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ط فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ط وَاِنْ كَانُوْٓا
اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ط يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ط وَاللّٰهُ بِكُلِّ
شَيْءٍ عَلِيْمٌ (١٧٦)

## ٥.سورة المائده ... مدنية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ط اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّى
الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ط اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ(١)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا
الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ
رِضْوَانًا ط وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ط وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ
الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا م وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُوا
اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ(٢)



مسیح کو اللہ کا بندہ ہونے میں کوئی عار نہیں اور نہ مقرب فرشتوں کو مسیح کے اللہ کا بندہ ہونے پر کوئی اعتراض ہے اور اللہ کی عبادات سے عار محسوس کرنے والے مُتکبر وں کو اللہ جلد اپنے پاس جمع کرنے والا ہے۔(172) اللہ مومنوں اور نیکو کاروں کو اُنکے اعمال کا پورا پورا اجر دے گا؛ اور اپنے فضل سے زیادہ بھی دے گا۔ اور بندگی میں شرمندگی محسوس کرنے والے مُتکبر وں کو عذاب دے گا؛ ایک دردناک عذاب۔ اور انہیں اللہ کے سوا کوئی دوست اور مددگار نہ ملے گا۔(173) اے لوگو! جب تمہارے رب کی طرف سے روشن دلیل آ پہنچی اور تم پر ہم نے نورِ مبین (قرآن) نازل کر دیا۔(174) پھر جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور اُسے مضبوطی سے پکڑا تو ہم انہیں جلد اپنی رحمت اور فضل میں داخل کریں گے اور انہیں صراط مستقیم کی ہدایت دیں گے۔(175) وہ آپ سے کلالہ کے بارے میں پوچھتے ہیں انہیں کہو، اللہ کلالہ کے بارے میں حکم کرتا ہے کہ اگر مرد ہلاک ہو جائے اور اُس کی کوئی اولاد نہ ہو صرف اُس کی بہن ہو تو ترکہ میں اُس کا نصف حصہ ہے اور اگر بہن مر جائے اور اُس بہن کی کوئی اولاد نہ ہو تو بھائی کو سارا ترکہ ملے گا۔ اگر مرنے والے کی دو بہنیں ہوں تو اُن کا ترکہ میں حصہ دو تہائی ہوگا۔ اور اگر مرنے والے کے زیادہ بھائی بہن ہوں تو مرد کا حصہ دو عورتوں کے برابر ہوگا۔ اللہ تمہارے لیے وضاحت سے بیان کرتا ہے تاکہ تم گمراہ نہ ہو جاؤ، اور اللہ ہر شے کا علم رکھتا ہے۔(176)

## (5)......سورۃ المائدہ

(شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے)

اے ایمان والو! وعدوں کی پاسداری کرو۔ حالت احرام میں چوپائے/مویشی تم پر حلال کئے گئے ہیں سوائے وہ جو غیر حلال تمہیں بتائے گئے ہیں۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے حکم دے دیتا ہے(1)۔ اے ایمان والو تم شعائر اللہ (اللہ کی نشانیاں)، شہر الحرام کے پالتو اور ھدیہ اور پٹے والے اور بیت الحرام آنے والے جانوروں کو حلال نہ کرو۔ وہ اپنے رب کا فضل اور اُس کی خوشنودی تلاش کرتے ہیں اور جب تم پر حلال ہوں تو شکار کرو اور تمہیں ایک قوم کی دشمنی جو مسجد الحرام سے روکتی تھی اِس بات پر مائل نہ کرے کہ تم زیادتی کرنے لگو۔ اور نیکی اور تقویٰ میں تعاون کرو اور گناہ اور عدوان (سرکشی) میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔ اور اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ کی سزا سخت ہے۔(2)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ
وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ط ذٰلِكُمْ فِسْقٌ
ط اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ط اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ
عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ط فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ(٣) يَسْئَلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ط قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ
تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّاعَلَّمَكُمُ اللّٰهُ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاتَّقُوااللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ
سَرِيْعُ الْحِسَابِ(٤)اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ط وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُواالْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ
وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُواالْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ
مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَ لَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ط وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ
مِنَ الْخٰسِرِيْنَ(٥)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَاقُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ
وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ط وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ط وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى
سَفَرٍ اَوْجَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا
بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ط مَا يُرِيْدُاللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ
عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ(٦)وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَاللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ اِذْقُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا
وَاتَّقُوااللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ(٧)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَلَا
يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ط اِعْدِلُوْا هُوَاَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ(٨)وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُواالصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ(٩)وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا
وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ(١٠)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ
اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاتَّقُوااللّٰهَ ط وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ(١١)



تم پر مردار، خون، خنزیر، غیراللہ کے نام کا ذبیحہ، گلا گھٹنے، چوٹ کھانے، گر کر مرنے یا سینگھ کھانے، درندے کے کھانے سے ہلاک ہوا جانور، مگر جسے چھری پھیرو۔ اور جو غیراللہ کی قربان گاہوں میں ذبح ہوا اور جو قرعے کے تیروں سے تقسیم کیا گیا حرام اور گناہ ہے۔ آج کافر تمہارے دین سے مایوس ہوگئے۔ تم اِن سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو۔ آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کردیا اور اپنی نعمت تم پر پوری کردی اور میں نے تمہارے لئے دینِ اسلام پسند کرلیا۔ پھر جو بھوک سے لاچار ہو اور وہ گناہ نہ کرنا چاہتا ہو تو اللہ غفور ورحیم ہے۔(3) وہ آپ سے پوچھتے ہیں اُن کے لئے کیا حلال ہے۔ کہہ دو تمہارے لیے صاف ستھری چیزیں حلال ہیں اور وہ شکار جو تمہارے سدھائے ہوئے شکاری جانور دوڑ کر تمہارے لیے پکڑ رکھیں اور تم اُس شکار پر اللہ کی تکبیر پڑھ کر انہیں ذبح کرو جس طرح اللہ نے تمہیں بتایا ہے۔ بے شک اللہ تیزی سے حساب لینے والا ہے۔(4) آج سے اہل کتاب کے کھانے تم پر اور تمہارے کھانے ان پر حلال کردیئے گئے اور تمہاری اور اہلِ کتاب کی محصنات تم پر حق مہر کے ساتھ نکاح کے لیے حلال کردی گئیں۔ متعہ اور خفیہ آشنائیوں کے لیے نہیں۔ اور جو ایمان کے ساتھ کفر کرے تو اُس کے تمام اعمال ضائع ہوگئے اور آخرت میں وہ نقصان اٹھانے والوں میں ہوگا۔ (مگر کفر وایمان کی جنگ جاری رہی۔)(5)۔ اے ایمان والو جب تم نماز قائم کرنے کے لیے اٹھو تو اپنے چہروں اور ہاتھوں کو کہنیوں تک دھولو اور اپنے سروں اور پاؤں کا ٹخنوں تک مسح کرلو (پاؤں کو مل کر دھولو یہی معروف طریقہ ہے) اور اگر تم ناپاک ہو تو پاک ہولو اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کسی شخص کو رفع حاجت ہو یا تم نے عورت کو چھوا ہو اور تمہیں پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے تیمّم کرلو اپنے چہروں اور ہاتھوں کو اس مٹی سے مل لو۔ اللہ تم پر تنگی نہیں کرنا چاہتا بلکہ وہ تمہیں پاک کرنا چاہتا ہے۔ اور وہ تم پر اپنی نعمت تمام کرنا چاہتا ہے تاکہ تم اُس کے شکر گزار بن جاؤ۔(6) اُس کی اپنے اوپر اُس نعمت کو یاد کرو۔ وہ عہد جو تم نے اُس سے باندھا جب تم نے کہا ہم نے سُن لیا اور ہم نے اطاعت کی۔ اللہ سے ڈرو بے شک اللہ دلوں کا حال جانتا ہے۔(7) اے ایمان والو اللہ کے لیے انصاف سے گواہی دینے کے لیے کھڑے ہوجاؤ اور کسی قوم سے تمہاری دشمنی تمہیں انصاف سے ہٹا نہ دے۔ انصاف کرو۔ انصاف تقویٰ کے قریب ہے۔ اور اللہ سے ڈرو۔ بے شک تم جو کرتے ہو اللہ کو خبر ہے۔(8) اللہ نے مومنوں اور نیک اعمال کرنے والوں سے مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ کیا ہے۔(9) کفر کرنے اور ہماری آیات کو جُھٹلانے والوں کے لیے جہنم کا وعدہ ہے۔(10) اے ایمان والو! یاد کرو اللہ کی نعمت کو جب ایک قوم نے تمہاری طرف ہاتھ بڑھانے کا ارادہ کیا تو اللہ نے تمہاری طرف اُٹھنے والے ہاتھ روک دیے۔ مومنوں کو چاہیے کہ اللہ سے ڈریں اور اللہ پر توکل کریں۔(11)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَلَقَدْ اَخَذَاللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ط وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مَعَكُمْ ط
لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ
قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ فَمَنْ كَفَرَ
بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ(۱۲)فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا
قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى
خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ط اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ(۱۳)وَمِنَ
الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ
وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ط وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ(۱۴)يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ
جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ط قَدْ جَآءَ
كُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ(۱۵)يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ
مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ(۱۶)لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ
اللّٰهَ هُوَالْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ط قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ
ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ط وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ط
يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ط وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ(۱۷)وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ
وَاَحِبَّآؤُهٗ ط قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ط بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ط يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ
وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ط وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ(۱۸)يٰٓاَهْلَ
الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْ م بَشِيْرٍ
وَّلَا نَذِيْرٍ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ط وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ(۱۹)



اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور اُن میں سے 12 سردار اٹھائے اور اللہ نے کہا، میں تمہارے ساتھ ہوں بشرطیکہ تم نماز
قائم کرو، زکواۃ ادا کرو اور میرے رسولوں پر ایمان لاؤ اور اُن کی مدد کرو اور اللہ کو قرض حسنہ دو تو میں تمہاری سیاہیاں (گناہ)
دور کر دوں گا اور تمہیں جنت میں داخل کروں گا جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ پھر جس نے اس کے بعد کفر کیا تو وہ یقیناً
سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔(12) کیونکہ وہ اپنا باندھا ہوا عہد توڑتے تھے اس لیے ہم نے اُن پر لعنت بھیج دی اور اُن
کے دلوں کو سخت کر دیا۔ کیونکہ وہ کلام (بات) کو اپنے مقام سے بدل دیتے تھے اور انہیں جو کرنے کا حکم دیا گیا تھا اُس کا
بیشتر حصہ بھلا دیتے تھے۔ اُن کی خیانت کے بارے میں متواتر خبریں ملتی رہتی ہیں۔ اُن میں سے صرف تھوڑے ہیں جو ایسا
نہیں کرتے۔ انہیں معاف کر دیں اور درگزر کر دیں۔ اللہ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔(13) اور جنہوں نے کہا ہم
نصاریٰ ہیں ہم نے اُن سے عہد لے لیا۔ پھر انہیں جس بات کا حکم دیا گیا تھا اُس کا بیشتر حصہ انہوں نے بھلا دیا ہم نے اُن
کے درمیان عداوت اور بغض قیامت کے دن تک ڈال دیا اور جلد انہیں اللہ جتلائے گا جو وہ کرتے تھے۔(14) اے اہلِ
کتاب جب تمہارے پاس ہمارے رسول آ گئے جو بہت سی اُن چیزوں کو واضح کر دیتے جو تم کتاب میں سے چھپاتے اور
بہت سی چیزوں سے درگزر فرماتے۔ جب کہ اللہ کی طرف سے نور تم تک آ پہنچا اور کتاب مبین آ گئی۔(15) جو اُس کی رضا
کے تابع ہو جائے اللہ اُسے سلامتی کے راستے دکھا دیتا ہے اور وہ انہیں اپنے حکم سے اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے
جاتا ہے اور سیدھی راہ دکھا دیتا ہے۔(16) جو لوگ کہتے ہیں کہ وہ اللہ ہی مسیح ابن مریم ہے یقیناً وہ کافر ہو گئے۔ اگر اللہ
چاہے تو اُسے عیسیٰ ابن مریم اور اُس کی ماں اور زمین کی ہر شے ہلاک کرنے سے کون روک سکتا ہے۔ اور آسمانوں اور زمین
کے درمیان ہر شے پر اُسی کا اختیار ہے۔ اللہ جو چاہتا ہے تخلیق کرتا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔(17) اور یہود و نصاریٰ
نے کہا ہم اللہ کے بیٹے اور اُس کے محبوب ہیں۔ انہیں کہو، پھر وہ تمہیں تمہارے گناہوں پر کیوں سزا دیتا ہے۔ تم تو اُس کی
پیدا کردہ مخلوق میں سے ہو وہ جسے چاہتا ہے بخش دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے سزا دیتا ہے۔ آسمانوں اور زمین اور اُن دونوں
کے درمیان ہر شے پر اُسی کی حکومت ہے۔ اور تمہیں اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔(18)۔ اے اہل کتاب جب
ہمارے رسول تمہارے پاس رسولوں کی آمد کے وقفہ کے بعد آ گئے جو وضاحت سے احکامات بیان کرتے ہیں تا کہ تم یہ نہ کہو
کہ ہمارے پاس تو کوئی خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا آیا ہی نہیں۔ تو پھر خوشخبری دینے والا ڈرانے والا آ گیا۔ اور اللہ ہر
شے پر قادر ہے۔(19)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْجَعَلَ فِيْكُمْ اَنْبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا
وَّاٰتٰكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ(٢٠)يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِىْ كَتَبَ اللّٰهُ
لَكُمْ وَلَاتَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ(٢١)قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ
وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ(٢٢)قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ
الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ وَعَلَى
اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ(٢٣)قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ
اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ(٢٤)قَالَ رَبِّ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ وَاَخِىْ فَافْرُقْ
بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ(٢٥)قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً يَتِيْهُوْنَ فِى الْاَرْضِ
ط فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ(٢٦)وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَىْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ م اِذْقَرَّ بَا قُرْبَانًا
فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ قَالَ لَاَ قْتُلَنَّكَ ط قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ
الْمُتَّقِيْنَ(٢٧)لَئِنْ م بَسَطْتَّ اِلَىَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِىْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِىَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ اِنِّىْٓ
اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ(٢٨)اِنِّىْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓءَا بِاِثْمِىْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ
وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُاالظّٰلِمِيْنَ(٢٩)فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ
الْخٰسِرِيْنَ(٣٠)فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِى الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِىْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ط قَالَ
يٰوَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِىَ سَوْءَةَ اَخِىْ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ
(٣١)مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا م بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِى
الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ط وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ط وَلَقَدْ
جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَابِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِى الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ(٣٢)



اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا، اے قوم یاد کرو اپنے اوپر اللہ کی اُس نعمت کو جو اس نے تم میں سے نبی بنا کر تم پر کی۔ تمہیں
بادشاہ بنایا اور تمہیں وہ کچھ دیا جو سارے جہان میں کسی کو نہیں دیا۔(20) اے میری قوم ارضِ مقدس میں داخل ہو جاؤ اللہ
نے وہ سرزمین تمہارے لئے لکھ دی ہے۔ اپنی پُشت پر نہ پھر جانا ورنہ نقصان اٹھاؤ گے۔(21) کہنے لگے اے موسیٰ اُس
میں تو بڑی جبار قوم ہے۔ جب تک وہ وہاں موجود ہے ہم ہرگز داخل نہ ہوں گے ۔وہ نکل جائیں گے تو ہم داخل ہوں
گے۔(22) اللہ کے انعام یافتہ دوڈرنے والوں نے کہا، داخل ہو جاؤ دروازے میں۔ جب تم داخل ہو گئے دروازے میں
تو تم ہی غالب رہو گے۔ اگر تم مومن ہو تو تمہیں اللہ پر ہی توکل کرنا چاہیئے۔(23) کہنے لگے اے موسیٰؑ جب تک وہ وہاں
موجود ہیں، ہم ہرگز اُس میں داخل نہ ہوں گے۔تم اور تمہارا رب جاؤ اور اُن سے لڑو ہم تو یہاں بیٹھے ہیں۔(24) موسیٰؑ
نے کہا اے میرے رب میرا اختیار صرف اپنی ذات اور اپنے بھائی تک ہے۔ہم میں اور فاسق قوم میں فرق کر دے۔(25)
اللہ نے کہا وہ سرزمین ان پر چالیس سال کے لئے حرام کر دی گئی۔ وہ زمین میں سرگرداں پھریں گے۔ پھر تم فاسق قوم پر
افسوس نہ کرنا۔(26) انہیں آدمؑ کے دو بیٹوں کی سچی خبر سنا دو جب دونوں نے قربانی پیش کی تو اُن میں سے ایک کی قربانی
قبول ہوئی اور دوسرے کی قربانی قبول نہ ہوئی۔ جس کی قربانی قبول نہ ہوئی تھی اُس نے کہا میں تمہیں ضرور قتل کروں گا۔ جس
کی قربانی قبول ہو گئی تھی اُس نے کہا اللہ متقیوں کی قربانی قبول کرتا ہے۔(27)۔ اگر تو میرے قتل کے لیے اپنا ہاتھ چلائے
گا تو میں تیرے قتل کے لیے اپنا ہاتھ تجھ پر نہ چلاؤں گا۔ کیونکہ میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں۔(28) میں چاہتا ہوں
کہ تو میرا گناہ اور اپنا گناہ کما لے۔ اور جہنمی ہو جائے اور یہ ظالموں کی سزا ہے(29) پھر اُس کے نفس نے اُسے اپنے بھائی
کے قتل پر مجبور کیا۔ اُسے قتل کیا' نقصان اُٹھانے والوں میں ہو گیا۔(30) پھر اللہ تعالیٰ نے ایک کوے کو بھیجا جو زمین کریدتا
تھا تاکہ اُسے دکھائے کیسے وہ بھائی کی نعش کو چھپائے۔ کہا کتنی خرابی ہے کہ میں اس کوے جیسا بھی نہیں کہ اپنے بھائی کی نعش
چھپا سکوں۔ پھر وہ پشیماں ہونے والوں میں ہو گیا۔(31) اس پر ہم نے بنی اسرائیل پر لکھ دیا۔ جس نے ایک انسان کو
ناحق قتل کیا، سوائے خون بہا' یا زمین پر فساد بپا کرنے کی سزا میں، تو گویا اُس نے سارے انسانوں کو قتل کر دیا اور جس نے
ایک اِنسان کو زندگی دی تو گویا اُس نے سارے انسانوں کو زندگی دی۔(32)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ
تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ط ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا
وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ(۳۳)اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ
اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ(۳۴)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ(۳۵)اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا
بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ(۳۶)يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ
النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ(۳۷)وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا
جَزَآءً م بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ(۳۸)فَمَنْ تَابَ مِنْ م بَعْدِ ظُلْمِهٖ
وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ(۳۹)اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ(۴۰)يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ
وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ لَمْ يَاْتُوْكَ ط
يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْ م بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ط وَمَنْ
يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا ط اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ط لَهُمْ
فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ(۴۱)سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ط فَاِنْ
جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْئًا ط وَاِنْ
حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ط اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ(۴۲)وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ
التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ م بَعْدِ ذٰلِكَ ط وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ(۴۳)



اور ہمارے رسول تمہارے پاس واضح دلائل لے کر پہنچ چکے۔ پھر اِن میں سے اکثر لوگ اس کے بعد بھی زمین پر ضرور
زیادتی کرتے ہیں۔ اللہ اور اُس کے رسول کے ساتھ لڑنے والوں، زمین میں فساد کرنے والوں کی یہ سزا ہے کہ اُن کو
قتل کیا جائے یا اِن کو سولی چڑھایا جائے یا اُن کے ہاتھ پاؤں مخالف سمت میں کاٹے جائیں یا انہیں علاقہ بدر کیا جائے۔
اُن کے لئے دنیا میں ذلت اور آخرت میں عذابِ عظیم ہے۔(33) گرفت میں آنے سے پہلے توبہ کر لینے والے جان لیں
کہ اللہ معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔(34) اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور اُس تک رسائی کا وسیلہ تلاش کرو۔ اور
اللہ کے راستے میں جہاد کرو تا کہ تمہاری فلاح ہو۔(35) اگر کافر زمین کی ساری دولت کے مالک بن جائیں اور اُن کے
پاس جمع شُدہ دولت بھی ہو تو ساری دولت مل کر بھی انہیں قیامت کے دن کے عذاب سے نہیں چھڑا سکے گی۔ اُن کی دولت
ٹھکرا دی جائے گی اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔(36) وہ آگ سے بچنا چاہتے ہیں مگر وہ آگ سے بچنے والے
نہیں۔ اُن کے لئے مسلسل عذاب ہے۔(37) چور مرد و عورت دونوں کے ہاتھ کاٹو۔ یہ اُن کے کئے کی سزا ہے۔ اللہ کی
طرف سے عبرت ہے۔ اللہ زبردست حکمت والا ہے۔(38) جس نے ظلم کے بعد توبہ کر لی اور اپنی اصلاح کر لی تو اللہ
اُسے معاف کر دیتا ہے۔ بے شک اللہ غفور رحیم ہے۔(39) کیا تمہیں معلوم نہیں کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اللہ کی
ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے معاف کر دیتا ہے۔ اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔(40) اے رسول!
آپ اُن لوگوں سے غمگین نہ ہوں جو منہ سے تو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے مگر دل سے وہ ایمان نہیں لائے۔ وہ کفر کی
طرف دوڑتے ہیں اور یہودی جو جھوٹ کے لئے سنتے ہیں اور ایک دوسری جماعت کے لیے سنتے ہیں جو آپ تک نہیں آئی،
وہ بات کو اپنے مقام سے ہٹا کر بیان کرتے ہیں۔ کہتے ہیں اگر دیا جائے تو لے لو اور اگر نہ دیا جائے تو بچو۔ جس کو اللہ گمراہ
کرنا چاہے تو کسی کی اُس میں کچھ مجال نہیں۔ اِن لوگوں کے دلوں کو اللہ پاک نہیں کرے گا۔ اُن کے لیے دنیا میں بھی ذلت
اور آخرت میں بھی عذاب عظیم ہے(41) باطل کے لئے جاسوسی کرنے والے حرام خور جب آپ کے پاس فیصلہ کرانے
آئیں تو اُن کے درمیان فیصلہ کر دو یا اُن سے صرفِ نظر کر لو۔ وہ آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ اگر آپ اُن کے درمیان فیصلہ
کریں تو انصاف سے فیصلہ کریں۔ بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔(42) کیسے وہ آپ کو منصف
بناتے ہیں جب کہ اُن کے پاس تورات ہے جس میں اللہ کا حکم ہے۔ فیصلہ ہو جانے پر وہ پلٹ جاتے ہیں۔ وہ ماننے والے
نہیں ہیں۔(43)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اِنَّآ اَنۡزَلۡنَا التَّوۡرٰةَ فِیۡهَا هُدًی وَّنُوۡرٌ یَحۡکُمُ بِهَا النَّبِیُّوۡنَ الَّذِیۡنَ اَسۡلَمُوۡا لِلَّذِیۡنَ هَادُوۡا وَالرَّبّٰنِیُّوۡنَ
وَالۡاَحۡبَارُ بِمَا اسۡتُحۡفِظُوۡا مِنۡ کِتٰبِ اللّٰهِ وَکَانُوۡا عَلَیۡهِ شُهَدَآءَ فَلَا تَخۡشَوُا النَّاسَ وَاخۡشَوۡنِ وَلَا
تَشۡتَرُوۡا بِاٰیٰتِیۡ ثَمَنًا قَلِیۡلًا ط وَمَنۡ لَّمۡ یَحۡکُمۡ بِمَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الۡکٰفِرُوۡنَ(٤٤)وَکَتَبۡنَا
عَلَیۡهِمۡ فِیۡهَآ اَنَّ النَّفۡسَ بِالنَّفۡسِ وَالۡعَیۡنَ بِالۡعَیۡنِ وَالۡاَنۡفَ بِالۡاَنۡفِ وَالۡاُذُنَ بِالۡاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ
وَالۡجُرُوۡحَ قِصَاصٌ ط فَمَنۡ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ کَفَّارَةٌ لَّهٗ ط وَمَنۡ لَّمۡ یَحۡکُمۡ بِمَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ
الظّٰلِمُوۡنَ(٤٥)وَقَفَّیۡنَا عَلٰٓی اٰثَارِهِمۡ بِعِیۡسَی ابۡنِ مَرۡیَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡهِ مِنَ التَّوۡرٰةِ وَاٰتَیۡنٰهُ
الۡاِنۡجِیۡلَ فِیۡهِ هُدًی وَّنُوۡرٌ وَّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡهِ مِنَ التَّوۡرٰةِ وَهُدًی وَّمَوۡعِظَةً لِّلۡمُتَّقِیۡنَ
(٤٦)وَلۡیَحۡکُمۡ اَهۡلُ الۡاِنۡجِیۡلِ بِمَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ فِیۡهِ ط وَمَنۡ لَّمۡ یَحۡکُمۡ بِمَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ
الۡفٰسِقُوۡنَ(٤٧)وَاَنۡزَلۡنَآ اِلَیۡکَ الۡکِتٰبَ بِالۡحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡهِ مِنَ الۡکِتٰبِ وَمُهَیۡمِنًا عَلَیۡهِ
فَاحۡکُمۡ بَیۡنَهُمۡ بِمَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَهُمۡ عَمَّا جَآءَکَ مِنَ الۡحَقِّ ط لِکُلٍّ جَعَلۡنَا مِنۡکُمۡ
شِرۡعَةً وَّمِنۡهَاجًا ط وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَکُمۡ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰکِنۡ لِّیَبۡلُوَکُمۡ فِیۡ مَآ اٰتٰکُمۡ
فَاسۡتَبِقُوا الۡخَیۡرٰتِ ط اِلَی اللّٰهِ مَرۡجِعُکُمۡ جَمِیۡعًا فَیُنَبِّئُکُمۡ بِمَا کُنۡتُمۡ فِیۡهِ تَخۡتَلِفُوۡنَ(٤٨)وَاَنِ احۡکُمۡ بَیۡنَهُمۡ
بِمَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَهُمۡ وَاحۡذَرۡهُمۡ اَنۡ یَّفۡتِنُوۡکَ عَنۡ م بَعۡضِ مَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ اِلَیۡکَ ط فَاِنۡ تَوَلَّوۡا
فَاعۡلَمۡ اَنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰهُ اَنۡ یُّصِیۡبَهُمۡ بِبَعۡضِ ذُنُوۡبِهِمۡ ط وَاِنَّ کَثِیۡرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوۡنَ(٤٩)اَفَحُکۡمَ
الۡجَاهِلِیَّةِ یَبۡغُوۡنَ ط وَمَنۡ اَحۡسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُکۡمًا لِّقَوۡمٍ یُّوۡقِنُوۡنَ (٥٠)یٰٓاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّخِذُوا الۡیَهُوۡدَ
وَالنَّصٰرٰٓی اَوۡلِیَآءَ م بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِیَآءُ بَعۡضٍ ط وَمَنۡ یَّتَوَلَّهُمۡ مِّنۡکُمۡ فَاِنَّهٗ مِنۡهُمۡ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهۡدِی الۡقَوۡمَ
الظّٰلِمِیۡنَ(٥١)فَتَرَی الَّذِیۡنَ فِیۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ یُّسَارِعُوۡنَ فِیۡهِمۡ یَقُوۡلُوۡنَ نَخۡشٰٓی اَنۡ تُصِیۡبَنَا دَآئِرَةٌ ط
فَعَسَی اللّٰهُ اَنۡ یَّاۡتِیَ بِالۡفَتۡحِ اَوۡ اَمۡرٍ مِّنۡ عِنۡدِهٖ فَیُصۡبِحُوۡا عَلٰی مَآ اَسَرُّوۡا فِیۡٓ اَنۡفُسِهِمۡ نٰدِمِیۡنَ(٥٢) وَیَقُوۡلُ
الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِیۡنَ اَقۡسَمُوۡا بِاللّٰهِ جَهۡدَ اَیۡمَانِهِمۡ اِنَّهُمۡ لَمَعَکُمۡ ط حَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ فَاَصۡبَحُوۡا
خٰسِرِیۡنَ(٥٣)



ہم نے تورات نازل کی جو ہدایت اور نور ہے جس سے اللہ نبیوں کو ہدایت دیتا ہے۔جن لوگوں نے سرِ تسلیم خم کیا (اسلام قبول
کیا) وہ یہودی، رَب والے اور جید علماءِ یہود کتاب اللہ میں محافظ اور گواہ مقرر ہوئے، تمہیں چاہئیے کہ لوگوں سے نہ ڈرو اور میری
آیات کو تھوڑے فائدے کے لیے نہ بیچو، جو اللہ کی اتاری ہوئی کتاب کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا وہ کافر ہے۔(44) ہم
نے کتاب میں اُن پر لکھ دیا کہ جان کے بدلے جان، آنکھ کے بدلے آنکھ، ناک کے بدلے ناک، کان کے بدلے کان،
دانت کے بدلے دانت اور ضرب کے بدلے ضرب بدلہ ہے۔ جو بدلہ معاف کردے تو اُس کے لیے کفارہ ہے۔اور جو اللہ
کے حکم کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا تو وہی ظالم ہے۔(45) ہم نے مسلسل نبی بھیجے پہلے نبیوں کے بعد عیسیٰ ابنِ مریم کو بھیجا جو
پہلے سے موجود تورات کی تصدیق کرنے والی کتاب لے کر آیا۔ہم نے اُسے انجیل دی جس میں ھدایت اور نور ہے اور جو
پہلے سے موجود تورات کی تصدیق کرتی ہے جو ہدایت و نصیحت ہے متقیوں کے لیے۔(46) انجیل والے اللہ کی کتاب کے
مطابق فیصلہ کریں اور جو اللہ کی نازل کردہ کتاب کے مطابق فیصلہ نہ کریں تو وہی لوگ فاسق ہوں گے۔(47) ہم نے حق
کے ساتھ تم پر کتاب نازل کی جو اُس سے پہلے موجود کتاب کی تصدیق کرتی ہے اور اُن پر نگہبان ہے۔تم اللہ کی نازل کردہ
کتاب کے مطابق فیصلہ کرو اور لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کرو جب کہ تمہارے پاس حق آچکا۔ یہ اس لیے کہ ہم بنا دیں
دستور اور راستہ۔ اگر اللہ چاہتا تو تمیں امتِ واحد بنا دیتا لیکن وہ تمہیں عطا کردہ نعمتوں سے آزمانا چاہتا تھا۔ تمہیں چاہیے کہ
خیرات میں سبقت حاصل کرو۔ تم سب کو اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے۔ پھر وہ تمہیں بتا دے گا جس میں تم اختلاف کرتے
ہو۔(48) اور اُن کے درمیان فیصلہ کرو اُس کے مطابق جو اللہ نے اُن پر اتارا اور اُن کی خواہشات پر نہ چلو اور اُن سے بچو
کہ وہ تمہیں اُس شے سے دور نہ کردیں جو اللہ نے تجھ پر اتارا۔ پھر اگر وہ پلٹ جائیں تو جان رکھو کہ اللہ نے چاہا کہ اُن کو اُن
کے گناہوں کے سبب سزا دے۔ اور بے شک اکثر لوگ ضرور فاسق ہیں۔(49) کیا وہ جاہلیت کے زمانے کا حکم چاہتے
ہیں۔ اور یقین کرنے والی قوم کے لیے اللہ کے حکم سے بہتر کس کا حکم ہے۔(50) اے ایمان لانے والو یہود اور نصارا کو اپنا
دوست نہ بناؤ اُن میں سے بعض بعضوں کے لیے دوست ہیں۔ اور تم میں سے جو نہ مانے تو وہی ظالم ہے اور اللہ ظالم قوم کو
ہدایت نہیں کرتا۔(51) آپ دیکھیں گے کہ جن لوگوں کے دلوں میں مرض ہے وہ اپنی بیماری میں دوڑتے ہیں۔ کہتے ہیں
کہ ہمیں خدشہ ہے کہ ہم پر گردش نہ آجائے پس اللہ اُن کے لیے فتح بھیجے یا اپنے پاس سے کوئی حکم۔ سو وہ صبح کو اپنے دلوں
میں چھپی بات پر پچھتانے والے ہوجائیں۔(52) ایمان والے کہیں گے یہ وہی لوگ ہیں جو اللہ کی قسمیں اپنے ایمان
کے ساتھ بار بار کھا کر کہتے تھے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ انہوں نے اپنے اعمال خراب کر لیے اور وہ نقصان اٹھانے والوں
میں ہوگئے۔(53)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِى اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى
الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ط ذٰلِكَ
فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ(٥٤)اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ
اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ(٥٥)وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ(٥٦)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا
دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ
مُّؤْمِنِيْنَ(٥٧)وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ط ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ
(٥٨)قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ
وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ(٥٩)قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ط مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ
وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ط اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ
عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ(٦٠)وَاِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ
ط وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ(٦١)وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ
وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ط لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ(٦٢)لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ
قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ط لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ(٦٣)وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ
ط غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا م بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ط وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ
مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ط وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ط
كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ط وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ(٦٤) وَلَوْ
اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ(٦٥)



اے مومنو! اگر تم مرتد ہو جاؤ تو اللہ تمہاری جگہ اپنی محبّ ومحبوب قوم لے آئے گا جو مومنوں پر نرم اور کافروں پر سخت ہو
گی۔ مومن اللہ کے راستے میں جہاد کرتے ہیں اور کسی کی ملامت کے الزام سے نہیں ڈرتے۔ یہ سب اللہ کے فضل
سے ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے نعمتیں عطا کرتا ہے اور اللہ کشادگی کرنے والا جاننے والا ہے۔(54) بے شک تمہارا دوست
اللہ اور اُس کا رسول ہے۔ مومن نماز قائم کرتے ہیں، زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور سر تسلیم خم کرتے ہیں۔(55) جو لوگ اللہ اور
اُس کے رسول کی جانب رجوع کریں، اور ایمان لائیں تو یہی لوگ اللہ کی جماعت کے ہیں اور یہی لوگ غالب رہیں
گے۔(56) اے ایمان والو اُن لوگوں سے دوستی نہ بناؤ جنہوں نے تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل سمجھا۔ یہی لوگ ہیں جنہیں
تم سے قبل کتاب دی گئی تھی۔ اگر تم مومن ہو تو کافروں کو دوست بنانے سے گریز کرو اور اللہ سے ڈرو۔(57) اور جب تم
اُنہیں نماز کے لیے بلاتے ہو تو وہ نماز کو ہنسی کھیل سمجھتے ہیں۔ کیونکہ وہ بے عقل لوگ ہیں۔(58) تم کہو۔ اے اہل کتاب
تمہیں ہم سے کیا دشمنی ہے ہمارا قصور صرف یہ ہے کہ ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں اور مانتے ہیں جو ہم پر اتارا گیا اور جو ہم سے
قبل اتارا گیا۔ لیکن تم میں سے اکثر فاسق ہیں۔(59)۔ کہو۔ آؤ میں تمہیں بتاتا ہوں کس شخص کی اللہ کے نزدیک سب
سے بُری سزا ہے۔ یہ وہ شخص ہے جس پر اللہ نے لعنت کی اور غضب ناک ہوا۔ اور انہیں بندر اور خنزیر بنایا جو طاغوت
کی عبادت کرتے ہیں۔ وہ گھٹیا درجہ کے لوگ ہیں۔ اور سیدھے راستے سے بھٹکے ہوئے ہیں۔(60) وہ جب تمہارے
پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے ہیں۔ وہ پہلے بھی کافر تھے اور بعد میں بھی کافر ہی رہے۔ جو وہ چھپاتے ہیں
اللہ جانتا ہے۔(61) تم ان میں سے اکثر کو گناہ اور سرکشی میں دوڑتا دیکھو گے۔ وہ حرام کھاتے نظر آئیں گے۔ کتنا بُرا ہے وہ
جو کرتے ہیں۔(62) انہیں اُن کے نیک لوگ اور جید علما گناہ کی بات سے اور ناجائز کھانے سے کیوں نہیں روکتے۔ کس
قدر بری بات ہے جو وہ گھڑتے ہیں۔(63) یہود کہتے ہیں اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے۔ اللہ کا ہاتھ بندھا نہیں اُن کے
اپنے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں۔ لعنت ہے اُن کے ایسا کہنے پر۔ اللہ کے ہاتھ تو کھلے ہیں۔ وہ جیسے چاہتا ہے خرچ کرتا
ہے۔ اور تیرے رب نے جو تم پر اُتارا اُس سے ضرور اُن کی سرکشی اور کُفر بڑھے گا۔ اور ہم نے اُن کے درمیان
دشمنی اور نفرت قیامت کے دن تک ڈال دی ہے۔ جب بھی کبھی وہ جنگ کی آگ سلگاتے ہیں اللہ بجھا دیتا ہے۔ وہ
زمین پر فساد ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور اللہ فسادیوں کو پسند نہیں کرتا۔(64) اور اگر اہل کتاب ایمان لے آتے
اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ضرور اُن کے گناہوں کی سیاہیاں اُن پر سے دھو دیتے اور ضرور انہیں نعمت کے باغوں میں
داخل کرتے۔(65)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَلَوْاَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ
اَرْجُلِهِمْ ط مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ط وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ(٦٦)يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ
اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ط وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ط وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ
ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ(٦٧)قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا
التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ط وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ
رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ(٦٨)اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا
وَالصّٰبِئُوْنَ وَ النَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَاهُمْ
يَحْزَنُوْنَ(٦٩)لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَا اِلَيْهِمْ رُسُلًا ط كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ م
بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ(٧٠)وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا
ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ط وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ م بِمَا يَعْمَلُوْنَ(٧١)لَقَدْ كَفَرَ
الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ط وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوااللّٰهَ رَبِّىْ وَ
رَبَّكُمْ ط اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰهُ النَّارُ ط وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ
اَنْصَارٍ(٧٢)لَقَدْ كَفَرَالَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ م وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ط وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا
عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ(٧٣)اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ط
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ(٧٤)مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ط وَاُمُّهٗ
صِدِّيْقَةٌ ط كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ط اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ(٧٥)قُلْ
اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَالَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ط وَاللّٰهُ هُوَالسَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ(٧٦)قُلْ يٰٓاَهْلَ
الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِىْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْٓا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا
وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ(٧٧)



اور اگر وہ تورات، انجیل اور اُن کے رَب کی طرف سے ان پر نازل کردہ کتاب پر قائم رہتے تو اُوپر اور نیچے سے کھاتے (وافر رزق ملتا)۔ اُن میں ایک اُمت میانہ رو ہے اور اُن میں اکثر ایسے ہیں جو بُرے کام کرتے ہیں۔(66)۔ اے رسول جو آپ پر آپ کے رب نے نازل کیا اُسے لوگوں تک پہنچا دو اور اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو آپ نے رسالت کا حق ادا نہ کیا۔ اور اللہ آپ کو لوگوں سے محفوظ رکھے گا۔ بے شک اللہ کافر قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔(67) کہو اے اہل کتاب جب تک تم تورات انجیل اور جو تم پر تمہارے رب کی طرف سے نازل کی گئی کتاب پر ایمان نہ لاؤ، تم کوئی شے نہیں اور کافر سرکشی اور کفر میں بڑھیں گے۔ آپ کافر قوم پر افسوس نہ کریں۔(68) یہودیوں، عیسائیوں اور صابیوں (دیگر مذاہب) میں سے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لائے اور نیک اعمال کئے اُن پر کوئی خوف نہیں ہوگا۔ اور نہ وہ غم زدہ ہوں گے۔(69) ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور اُن کی طرف رسول بھیجے۔ جب کبھی اُن کے پاس کوئی رسول آیا جو انہیں اچھا نہ لگا۔ ایک نے جھٹلایا اور دوسرے نے قتل کیا۔(70) اور ان کا خیال تھا کہ انہیں کوئی نقصان نہیں ہوگا، وہ اندھے بہرے بنے رہے۔ پھر اللہ نے اُن کی توبہ قبول کر لی۔ پھر ان کی اکثریت اندھی اور بہری بن گئی، اور اللہ دیکھتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔(71) مسیح ابنِ مریم کو اللہ کہنے والے اللہ کے منکر ہو گئے جبکہ مسیح نے کہا، اے بنی اسرائیل! اللہ کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا رب ہے۔ جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا تو اُس پر اللہ نے جنت حرام کر دی۔ اُس کا ٹھکانہ آگ (جہنم) ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔(72) جنہوں نے کہا، اللہ تین میں سے ایک ہے۔ اور کوئی معبود نہیں، ایک معبود واحد کے سوا۔ اگر وہ باز نہ آئے جو وہ کہتے ہیں تو ضرور کافروں کو دردناک عذاب ملے گا۔(73) پھر کیوں نہیں اللہ سے استغفار کرتے اور اللہ بخشنہار، رحم کرنے والا ہے۔(74) مسیح ابنِ مریم رسول کے سوا کچھ اور نہیں ہیں۔ ماقبل کے رسولوں کی طرح وہ بھی ایک رسول ہیں۔ اور اُن کی ماں صدیقہ ہے۔ دونوں کھانا کھاتے تھے۔ دیکھو ہم کس طرح اُن کی نشانیاں واضح کرتے ہیں۔ پھر دیکھو کیسے الٹے جاتے ہیں۔(75) کہو، کیا تم اللہ کو چھوڑ کر اُس کی عبادت کرتے ہو جس کا تم پر کوئی اختیار نہیں۔ وہ تمہارا نقصان کر سکتا ہے نہ فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ اور اللہ سنتا جانتا ہے۔(76) کہو! اے اہل کتاب اپنے دین میں ناحق مبالغہ نہ کرو اور اُس قوم کی خواہشات پر نہ چلو جو تم سے قبل گمراہ ہوئی اور کئی لوگوں کو بہکایا اور وہ سیدھی راہ سے بھٹک گئی۔(77)